سوال

السلام علیکم !اگر میری مغرب کی نماز رہتی ہواور مسجد میں عشأ کی جماعت ہورہی ہو تو مجھے پہلے عشأ کی نماز پڑھنی چاہیئے یا مغرب کی ؟ اگر مغرب کی پڑھنی ہو تو کیا طریقہ کار ہوگا ؟
براہ کرم قرا

جواب

قضاء نمازوں میں ترتیب کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر میری مغرب کی نماز رہتی ہواور مسجد میں عشاء کی جماعت ہورہی ہو تو مجھے پہلے عشاء کی نماز پڑھنی چاہیئے یا مغرب کی ؟ اگر مغرب کی پڑھنی ہو تو کیا طریقہ کار ہوگا ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!جمہور اہل علم کے نزدیک قضاء نمازوں میں ترتیب کو قائم رکھنا واجب ہے ۔ امام ابن قدامہ فرماتے ہیں : وجملۃ ذلک أن الترتیب واجب فی قضاء الفوائت (المغنی 1/352) مختصریہ کہ فوت شدہ نمازوں میں ترتیب واجب ہے ۔ جبکہ امام شافعی کے نزدیک ترتیب واجب نہیں ہے ۔ اوراگر آپ نماز عشاء کے وقت آئیں اور آپ کی نماز مغرب رہتی ہواور آپ ترتیب سے پڑھنا چاہتے ہوں تواس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ تین رکعات پڑھ کر بیٹھے رہیں اورچوتھی رکعت کے لئے امام کے ساتھ کھڑے نہ ہوں، بلکہ تشہد میں بیٹھے رہیں ۔ امام جب چوتھی رکعت پڑھ کر تشہد بیٹھے اورسلام پھیرے تو آپ بھی امام کے ساتھ ہی سلام پھیر لیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی